**09.11.2024**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں شگفتہ یاسمین

Music

........................................................................

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ مہایوتی سرکار نے مراٹھواڑہ خطے کی ترقی کیلئے انتھک کام کیا ہے۔ انھوں نے آئندہ اسمبلی انتخابات کیلئے حمایت حاصل کرنے کی خاطرمہاراشٹر کے ناندیڑاور اکولہ میں انتخابی ریلیاں کیں۔

☆ جھارکھنڈ کے اسمبلی انتخابات کیلئے انتخابی مہم عروج پر ہے۔ BJP کے سینئر لیڈر امت شاہ اور کانگریس رہنما راہل گاندھی نے ووٹروں کو راغب کرنے کیلئے چناؤ ریلیوں سے خطاب کیا۔

☆ نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ نے تعلیم کے شعبے میں سرمایہ کاری پر زور دیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ معاشرے کی بہتری کا یہ سب سے موثر طریقہ ہے۔

☆ QS عالمی یونیورسٹی درجہ بندی ایشیا 2025 کے سرکردہ 100 اداروں میں سات بھارتی اداروں کو شامل کیا گیاہے۔

☆ بھارتی فنکاروں Ricky Kej اور انوشکا شنکر کو 67ویں Grammy ایوارڈز کیلئے نامزد کیا گیا ہے۔

☆ اور پنکج اڈوانی نے دوحہ میں عالمی بلیئرڈز چمپئن شپ کا خطاب جیت لیا ہے۔

........................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

***Maha PM Rally***

وزیر اعظم اور BJP کے سینئر رہنما نریندر مودی نے آج کہا ہے کہ مہایوتی سرکار نے مہاراشٹر کے مراٹھواڑہ خطے کی ترقی کیلئے انتھک کام کیا ہے۔ ناندیڑ میں ایک ریلی سے خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ گذشتہ ڈھائی سال میں مراٹھواڑہ خطے میں 80 ہزار کروڑ سے زیادہ کی سرمایہ کاری ہوئی ہے۔ انھوں نے خطے میں آبپاشی کے 11 پروجیکٹوں کو اجاگر کیا۔

S/B PM Modi Invesment

انھوں نے دلّی-ممبئی صنعتی کوریڈور، ریل کوچ فیکٹری، لاجسٹک پارک، Samruddhi شاہراہ، شکتی پیٹھ ایکسپریس وے جیسے اہم ترقیاتی پروجیکٹوں اور ناندیڑ سے دلّی اور آدم پور کیلئے نئی پروازوں کا ذکر کیا اور اِس بات پر اعتماد کا اظہار کیا کہ اِن سے مقامی سطح پر روزگار کے متعدد مواقع پیدا ہوں گے۔

وزیر اعظم نے کہا کہ BJP نے ہریانہ ریکارڈ اکثریت کے ساتھ حکومت قائم کی۔ قانون ساز اسمبلی کے انتخابات کے ساتھ ساتھ ناندیڑ لوک سبھا سیٹ کیلئے ضمنی چناؤ بھی 20 نومبر کو ہوگا۔x

## Maha PM Akola Rally

مہاراشٹر میں BJP کے سینئر لیڈر اور وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا کہ اُن کی حکومت نے تیسری مدتِ کار میں مہاراشٹر میں بنیادی ڈھانچے سے متعلق کئی پروجیکٹوں سمیت کروڑوں روپئے کی مالیت کے مختلف ترقیاتی پروجیکٹوں کا آغاز کیا ہے۔ اکولہ کے ودربھ میں پہلی چناؤ ریلی سے خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ مرکزی حکومت نے امراوتی میں ٹیکسٹائل پارک کا سنگ بنیاد رکھ کر کپاس کی پیداوار کرنے والوں کیلئے صنعت اور بنیادی ڈھانچے کو فروغ دینے کا کام کیا ہے۔ انھوں نے ودربھ میں آبپاشی پروجیکٹوں کی اہمیت کو بھی اجاگر کیا۔ انھوں نے کہا کہ سابقہ مہاوکاس اگھاڑی حکومت نے دیویندر فڑنویس حکومت کے اہم آبپاشی پروجیکٹوں پر عملدرآمد کو روک رکھا تھا۔

جناب مودی نے اِس بارے میں بھی مطلع کیا کہ ان کی حکومت نے مراٹھی زبان کو کلاسیکی زبان کا درجہ دیا ہے جس سے مہاراشٹر کے وقار میں اضافہ ہوا ہے۔ ریاست میں اِس ماہ کی 20 تاریخ کو انتخابات ہوں گے۔x

## Jharkhand Campaigning

جھارکھنڈ میں اسمبلی انتخابات کیلئے انتخابی مہم زور وشور سے جاری ہے۔ NDA اور آئی این ڈی آئی اے دونوں کے رہنما اپنی پارٹی کے امیدواروں کے حق میں ووٹروں کو راغب کرنے کیلئے ریاست کے ایک کے بعد ایک دورے کر رہے ہیں۔ پلامو کے چھترپور میں ایک چناؤ میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے BJP کے سینئر لیڈر امت شاہ نے کانگریس کے رہنما راہل گاندھی پر OBC مخالف، دلت مخالف اور قبائل مخالف ہونے کا الزام لگایا۔

S/B Amit Shah

دوسری جانب کانگریس کے سینئر رہنما راہل گاندھی نے BJP کی ٹیکس سے متعلق پالیسیوں کی نکتہ چینی کی اور اُس کی قیادت پر غریبوں پر سرمایہ کاروں کو ترجیح دینے کا الزام لگایا۔ دَھنباد کے Baghmara میں ایک انتخابی میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے جناب گاندھی نے کہا کہ صرف آئین ہی غریبوں اور دلتوں کے مفادات کو تحفظ فراہم کرسکتا ہے۔

S/B Rahul Gandhi

اِس دوران پلامو کے وِشرام پور میں ایک ریلی سے خطاب کرتے ہوئے BJP کے صدر جے پی نڈّا نے وزیر اعلیٰ ہیمنت سورین پر ریاست کے عوام سے جھوٹے وعدے کرنے اور اُنہیں دھوکہ دینے کا الزام لگایا۔BJP کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے جھارکھنڈ مکتی مورچہ کے سینئر لیڈر اور وزیر اعلیٰ ہیمنت سورین نے کہا کہ اُن کی حکومت نے جھارکھنڈ کی مجموعی ترقی کیلئے کافی کچھ کیا ہے۔

S/B Hemant Soren

جھارکھنڈ میں 81 رکنی اسمبلی کیلئے دو مرحلوں میں 13 نومبر اور 20 نومبر کو ووٹ ڈالے جائیں گے

جبکہ ووٹوں کی گنتی 23 نومبر کو ہوگی۔BJP کے سینئر رہنما اور مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے آج شام جمشید پور میں روڈ شو کیا۔

## PM Uttrakhand

اتراکھنڈ آج اپنا 25 واں یومِ تاسیس منا رہا ہے۔ نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ اور وزیر اعظم نریندر مودی نے اِس موقع پر اتراکھنڈ کے عوام کو مبارکباد دی کی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب دھنکھڑ نے کہا کہ اتراکھنڈ قدرتی خوبصورتی اور روحانی ورثے کی نعمتوں سے مالا مال ہے۔ انہوں نے دعا کی کہ قدرتی خوبصورتی سے بھر پور یہ ریاست مزید ترقی اور کامیابیوں کی بلندیوں کو چھوتی رہے گی۔

وزیراعظم نریندر مودی نے غیرمعمولی ترقی کیلئے اتراکھنڈ کی ستائش کی ہے۔ آج اتراکھنڈ کے قیام کے 25 سال پورے ہونے کے موقع پر ورچوئل طریقے پر ملک سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے یہ بات کہی۔اُنہوں نے یہ بھی کہا کہ ملک اگلے 25 سال کے دوران وِکست بھارت کیلئے، وِکست اتراکھنڈ کے عزم کو پورا کرے گا۔ مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے بھی اتراکھنڈ کے یومِ تاسیس کے موقع پر ریاست کے لوگوں کو مبارکباد دی ہے۔ x

## VP NIT

نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ نے آج زور دے کر کہا ہے کہ تحقیق اور جدت طرازی، کسی بھی ترقی یافتہ ملک کے نشانے کے حصول کیلئے ضروری ہیں۔ آج نئی دلّی میں نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف ٹیکنالوجی کے چوتھے جلسۂ تقسیمِ اسناد سے خطاب کرتے ہوئے جناب دھنکھڑ نے اِس بات کو اجاگر کیا کہ ملک کا مقام، تحقیق اور اختراع کے شعبے میں جتنا بلند ہوگا، اُس سے عالمی برادری میں اِس کی طاقت اور صلاحیت کا اندازہ ہوگا۔ انہوں نے تعلیمی اداروں پر زور دیا کہ وہ اختراع اور تحقیق کے مراکز کے طور پر اپنی صلاحیتوں کو پروان چڑھائیں۔ جناب دھنکھڑ نے کارپوریٹ اداروں سے بھی کہا کہ وہ اپنے ٹھوس تعاون کے ذریعے اِس مشن کی حمایت کریں۔ x

## Bangaluru Sitharaman

خزانے اور کارپوریٹ امور کی مرکزی وزیر نرملا سیتا رمن نے آج کہا ہے کہ سرکاری شعبے کے بینکوں کیلئے اِس مالی سال میں MSMEs کو پانچ اعشاریہ سات-پانچ لاکھ کروڑ روپے قرض دینے کا نشانہ مقرر کیا گیا ہے۔ وزیر موصوف، نیشنل MSME کلسٹر آؤٹ ریچ پروگرام میں اظہار خیال کر رہی تھیں، جس کا اہتمام بینگلورو میں SIDBI نے کیا تھا۔ وزیرخزانہ نے کہا کہ سرکاری شعبے کے بینکوں کی جانب سے MSMEs کو دیئے جانے والے قرضے میں 9 اعشاریہ دو فیصد کا اضافہ ہوا ہے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ مجوزہ نئی کریڈٹ گارنٹی اسکیم جلد ہی کابینہ کے سامنے پیش کی جائے گی۔ اِس اسکیم کے تحت MSMEs کو 100 کروڑ روپے کے مقررہ مدت کے قرض کو یقینی بنایا گیا ہے۔ محترمہ نرملا سیتا رمن نے کہا کہ حکومت کی خریداری کی پالیسی سے مانگ میں اضافے میں مدد ملی ہے۔ یہ پالیسی GEM پورٹل کے ذریعے MSMEs سے 25 فیصد کی خریداری کو لازمی بناتی ہے۔ خزانے کے مرکزی وزیر مملکت

پنکج چودھری، MSME کی مرکزی وزیر مملکت Shobha Karandlaje، بینک اور صنعتی اداروں کے اعلیٰ عہدیداران اور صنعتکار، اس موقع پر موجود تھے۔

## World University Ranking

QS عالمی یونیورسٹی درجہ بندی ایشیا 2025 کے 100 سرکردہ تعلیمی اداروں میں 7 بھارتی اداروں کو شامل کیا گیا ہے۔ بھارت نے سرکردہ 50 یونیورسٹیوں میں سے 2 اور سرکردہ 100 یونیورسٹیوں میں سے 7 میں مقام حاصل کیا ہے۔ IIT دلّی 44 ویں مقام پر ہے۔وزارت تعلیم نے ایک بیان میں کہا ہے کہ یہ اعداد و شمار پورے خطّے میں اعلیٰ تعلیم کے شعبے میں بھارت کی متاثرکن ترقی کو واضح کرتے ہیں۔IIT Bomby، 48 ویں مقام پر رہا جبکہ IIT مدراس، IIT کھڑگ پور، انڈین انسٹی ٹیوٹ آف سائنس، IIT کانپور اور یونیورسٹی آف دہلی دیگر بھارتی تعلیمی ادارے ہیں، جو سرکردہ 100 اداروں میں شامل ہیں۔مشرقی، جنوبی، جنوب مشرقی اور وسطی ایشیا کے 25 ممالک پر مشتمل 984 ادارے، اس درجہ بندی میں شامل تھے اور تازہ ترین درجہ بندی میں بھارت کے سب سے زیادہ تعلیمی ادارے اس فہرست میں شامل ہیں۔ x

## Gov Haj Pilgrimaje

حکومت نے حج کے سفر کو آسان بنانے کے لئے کئی اصلاحات نافذ کی ہیں، جن سے بہتر رسائی اورسہولت کے لئے ڈجیٹل بنیادی ڈھانچے میں نمایاں اضافہ ہوا ہے۔حکومت کے ان اقدامات نے خواتین کی مساوات کو فروغ دیا ہے جس سے زیادہ تعداد میں خواتین کو آزادانہ طور پر بنا کسی پر انحصار کیے حج کرنے کا موقع فراہم ہوتا ہے۔کم آمدنی والے لوگوں کے لئے بھی خاص طور پر حج کی سہولت کے انتظامات کئے گئے ہیں۔ خاص طور پر خواتین کی رسائی میں اضافے کے اقدام کے طور پر عازمین حج کی مدد کے لئے سہولتی پروگرام شروع کیے گئے ہیں۔ اس سال جنوری میں دو طرفہ حج سمجھوتے پر دستخط کیے گئے، جس کے تحت بھارت سے حج 2024 کیلئے ایک لاکھ 75 ہزار عازمین حج کا کوٹہ مقرر کیا گیا ہے۔ ان میں تقریباً ایک لاکھ 40 ہزار سیٹیں حج کمیٹی آف انڈیا کے ذریعہ سفر کرنے والوں کے لئے مختص کی گئی ہیں۔x

## Mumbai Bus Accident

ممبئی-پونے ایکسپریس وے پر آج ایک بس کے ٹرک سے ٹکرانے کے سبب 18 افراد زخمی ہوگئے۔ مہاراشٹر کے رائے گڑھ ضلع میں Khopoli کے نزدیک یہ حادثہ اُس وقت پیش آیا جب بس کا ڈرائیور کنٹرول کھو بیٹھا اور سڑک کے کنارے کھڑے ایک ٹرک سے بس ٹکرا گئی۔ یہ بس ممبئی سے کولہا پور جارہی تھی۔ زخمیوں کو فوری طور پر اسپتال پہنچایا گیا۔ پولیس نے کہا ہے کہ چار خواتین سمیت آٹھ افراد کی حالت نازک ہے۔x

## Indian Muscicians Grammy Nomination

معروف بھارتی موسیقار Ricky Kej اور Anoushka Shankar کو 67 ویں گریمی ایوارڈز کے لیے نامزد کیا گیا ہے۔ تین بار گریمی ایوارڈ جیتنے والے Ricky Kej کو اُن کی ایلبم Break of Dawn کو Best New Age Ambient یا Chant Album کے زمرے میں چوتھی نامزدگی ملی ہے۔ معروف ستار نواز اور موسیقار Anoushka Shankar کو بھی اِسی زمرے میں اُن کی ایلبم Chapter II: How Dark It is Before Dawn کیلئے نامزد کیا گیا ہے۔ اِس کے علاوہ رادھیکا Vekaria کو Warriors of Light اور صنعکار اور موسیقار چندریکا ٹنڈن کو Triveni کیلئے اسی زمرے میں نامزدگی حاصل ہوئی ہے۔ 2025 کے گریمی ایوارڈز کی تقریب اگلے سال 2 فروری کو امریکہ کے لاس اینجلس میں منعقد کی جائے گی۔

## Andhra Pradesh SKY Meets Sea

آندھراپردیش حکومت نے سیاحت اور علاقائی کنکٹویٹی کو بہتر بنانے کی خاطر ایک نئی Seaplane سروس کا آغاز کیا ہے۔ "Sky Meets Sea" نام کی اِس پہل کے تحت وجئے واڑہ اور Srisailam شہروں کے درمیان کنکٹویٹی ممکن ہوپائے گی۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے..................

VC Sai Sistla

آندھراپردیش حکومت نے وجئے واڑہ اور Srisailam کے درمیان کنکٹویٹی فراہم کرنے کیلئے اپنی Seaplane سروس کا آغاز کیا ہے۔ اس کے افتتاح کی تقریب میں آندھراپردیش کے وزیر اعلیٰ چندرا بابو نائیڈو اور شہری ہوا بازی کے مرکزی وزیر رام موہن نائیڈو نے شرکت کی۔ اِس موقع پر خطاب کرتے ہوئے مرکزی وزیر رام موہن نائیڈو نے کہا کہ سیاحت کو فروغ دینے کے مقصد سے بھارتی جزائر تک کنکٹویٹی فراہم کرنے کیلئے Seaplane سروس میں اضافے پر غور وخوض کیا جارہا ہے۔ وزیر اعلیٰ چندرا بابو نائیڈو نے کہا کہ ریاستی حکومت آندھراپردیش کے ساحلی حصے میں روزگار کے مواقع پیدا کرنے پر توجہ مرکوز کر رہی ہے۔ انھوں نے آمد ورفت کو بہتر بنانے کیلئے موجودہ ہوائی اڈّوں کے ساتھ اِس سروس کو مربوط کرنے کے منصوبوں کو اجاگر کیا۔ افتتاحی تقریب کے دوران دونوں رہنماؤں نے Seaplane سروس کی پرواز کی۔

وجئے واڑہ سے Sai Sistla کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ارجمند علی خان

## Rajasthan Pushkar

عالمی شہرت یافتہ پشکر میلے کا آغاز آج راجستھان کے اجمیر کے قریب پرچم کشائی کی تقریب کے ساتھ ہوا۔ 15نومبر تک جاری رہنے والے اس میلے کو دیکھنے کیلئے ملک وبیرون ملک سے سیکڑوں سیاح پشکر پہنچ گئے ہیں۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے..................

VC Jitendra Dwivedi

ملک کا واحد برہما مندر سمیت پورا پشکر شہر رنگ برنگی روشنیوں سے چمک رہا ہے۔ پشکر کے اہم بازروں اور گھاٹوں کو خاص طور سے سجایا گیا ہے۔ آج شام پشکر سرور کے 52 گھاٹوں پر دیپ دان اور سات گھاٹوں پر آرتی کی گئی۔ ملکی وبیرونی سیاحوں کیلئے شروع کئے گئے مسابقہ جاتی پروگرام، میلے کے اختتام تک جاری رہیں گے۔ اگلے سات دنوں تک ملک کے کچھ مشہور فنکار میلے میں اپنی فنکاری کا مظاہرہ کریں گے۔ میلے کے مدنظر پورے شہر اور آس پاس کے علاقوں میں سکیورٹی کے خاص انطامات کئے گئے ہیں۔

جے پور سے جتیندر دوویدی کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں اصغر علی

## Billiards IBSF

بھارت کے پنکج اڈانی نے IBSF عالمی Billiards Championship 150-up Format جیت لیا ہے۔ انہوں نے قطر کے دوحہ میں آج سہ پہر فائنل مقابلے میں انگلینڈ کے Robert Hall کوشکست دی۔

اس سے پہلے کل سیمی فائنل میں پنکج نے اپنے ہم وطن Sourav Kothari کوو چار–دو سے شکست دی تھی۔ Sourav نے کانسے کا تمغہ حاصل کیا۔ x

☆☆☆☆☆☆☆☆